13/05/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **اعجازہ اخترسے** خبریں سُنئے

**وزیر اعظم**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور محض ایک نام نہیں بلکہ ملک کے مجموعی جذبات اور عزم واستقلال کی ایک علامت ہے۔ کل شام قوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور انصاف کیلئے ایک مضبوط عہد ہے۔ وزیر اعظم نے آپریشن کے تحت مسلح افواج کی شجاعت، بہادری اور ہمت کو ملک کی ہر ماں، بہن اور بیٹی سے منسوب کیا۔ نریندر مودی نے کہا کہ کسی بھی نیوکلیائی بلیک میل کو اب اور برداشت نہیں کیا جائے گا اور بھارت پر کسی بھی دہشت گردانہ حملے کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

-------- BYTE--------

وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اپنے دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرے ورنہ پاکستان کیلئے کوئی راستہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنا ایک بہتر دنیا کی ضمانت ہے۔

وزیر اعظم مودی نے واضح کیا کہ اگر بھارت اور پاکستان کے درمیان بات چیت ہوگی تو یہ صرف دہشت گردی اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر POK پر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا موقف واضح رہا ہے کہ دہشت گردی، تجارت اور بات چیت ایک ساتھ نہیں ہوسکتی۔

DGMO

بھارت اور پاکستان کے درمیان کل شام فوجی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل DGMO سطح کی بات چیت ہوئی۔ بھارتی فوج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بات چیت کے دوران اس عہد کو جاری رکھے جانے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا کہ دونوں فریق ایک دوسرے کے خلاف ایک گولی بھی نہیں چلائیں گے اور نہ ہی کوئی جارحانہ کارروائی کریں گے۔ اس بات پر بھی اتفاق ہوا کہ دونوں فریق سرحدوں اور سرحدی علاقوں سے فوجیوں کی تعداد کو کم کئے جانے کو یقینی بنائے جانے کے فوری اقدامات پر غور کریں گے۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ جموں پہنچنے کے فورا بعد کل آنجہانی ڈاکٹر راج کمار تھاپا کے گھر گئے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ آنجہانی ہمیشہ اپنی برادری کے لئے تحریک دہند رہیں گے جنہوں نے آپریشن سندور کے دوران ریلیف اقدامات کی نگرانی کرتے ہوئے اپنی جان کی قربانی دی ۔

**لیفٹیننٹ گورنر**

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے کل کرن نگر جموں میںسابق ممبر قانون ساز کونسل آنجہانی رمیش اروڑہ کے گھر جا کرسوگوار کنبے کے ساتھ اِظہارِ تعزیت کی۔

**ج**

سرینگر ہوائی اڈے سے حج پروازونکاسلسلہ بحال ہو رہا ہے ۔ جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے سے بات کرتے ہوئے

کہاکہ کل یعنی 14مئی سے حج پروازیں معمول کے مطابق روانہ ہوں گی، جبکہ منسوخ کی گئی حج پروازوں کیلئے الگ سے شیڈول جاری کیا جائے گا۔
...........Dr.Shujat...........

**سکول**

جموں اور کشمیر صوبے کے غیر سرحدی ضلعوں میں آج سے تمام اسکول اور کالج دو بارہ کھلرہے ہیں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر تعلیم سکینہ ایتونے یہ جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ سرحدی ضلعوں میں یہ تعلیمی ادارے احتیاطی اقدام کے طور فی الحال بند رہیں گے ۔

**کشمیر یونیورسٹی**

کشمیر یونیورسٹی کی اطلاع کے مطابق یونیورسٹی کے تمام کیمپسز میں کل یعنی 14مئی سے ریگولر کلاس ورک شروع ہوگاتاہم جموں کشمیر کے سرحدی علاقونمیں رہائش پذیر یونیورسٹی کے طلباءیا پھر بیرون جموں کشمیر کے طلباء19مئی سے ان کلاسوں مینحاضر ہوسکتے ہیں۔

NIT

سرینگر کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہاگیا ہے کہNIT ڈین ایکاڈمک ایفیئرس سرینگر میناَج سے 6جون تک آن لائن کلاس منعقد ہو رہے ہیں جبکہ فزیکل کلاسز 11جون NIT سے منعقد کئے جائیں گے۔

**نشہ مکت بھارت**

منشیات مخالف اپنی کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے بڈگام پولیس نے نرکارا بڈگام کے عمران خان خالسہ Drusoo اور وارث ڈار نامی دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے ۔ اُدھر سوپور پولیس نے رفیع آباد کے اقبال ڈار نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار شدگان سے ہیروئین اور دیگر نشیلی ادویات ضبط کی گئی ہے ۔

**درجہ رارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت
خدا حافظ